Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate __________ Sig. of Invigilator.__________

StudentBounty.com

83

مبادیات ہوم اکنامکس ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 20منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اسلام عورتوں کو تعلیم دیتا ہے کہ وہ ________ پہنیں۔
الف۔ سادہ اور موزوں لباس ب۔ قیمتی لباس ج۔ عریاں لباس د۔ بھڑکیلا لباس

(ii) قیمتی کپڑوں کو ________ سے دھونا چاہیے۔
الف۔ پانی ب۔ صابن ج۔ واشنگ پاوڈر د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iii) چکنائی میں پکے ہوئے کھانوں کا ذائقہ ________ ہوتا ہے۔
الف۔ برا ب۔ اچھا ج۔ نمکین د۔ میٹھا

(iv) بیٹھ کر کام کرنے والے لوگوں کو ________ ضرورت ہوتی ہے۔
الف۔ کم حراروں کی ب۔ زیادہ حراروں کی ج۔ کسی چیز کی نہیں د۔ دوگنے حراروں کی

(v) دوپہر کے کھانے میں ________ زیادہ استعمال کرنے چاہئیں / کرنا چاہیے۔
الف۔ کچی سبزیاں اور پھل ب۔ دودھ ج۔ ڈبل روٹی د۔ مکھن

(vi) متوازن غذا میں ________ موجود ہونا ضروری ہے۔
الف۔ کچھ غذائی اجزاء ب۔ تمام غذائی اجزاء ج۔ روٹی سالن د۔ پانی

(vii) ایک ہی رنگ کو کسی جگہ ہلکا اور کسی جگہ گہرا کرنے سے ________ پیدا ہوتا ہے/ ہوتی ہے۔
الف۔ خوش گوار تاثر ب۔ بے چینی ج۔ اکتاہٹ د۔ تھکاوٹ

(viii) ننھے بچوں کے لیے اس قسم کے کپڑے موزوں رہتے ہیں جو ________ ہوں۔
الف۔ مہنگے ب۔ آرام دہ ج۔ سستے د۔ ریشمی

(ix) ہڈیوں اور دانتوں کی مناسب نشوونما اور ان کو درست حالت میں رکھنے کے لیے ________ ضروری ہے۔
الف۔ چکنائی ب۔ کیلشیم ج۔ آئرن د۔ آئیوڈین

(x) دن کے اچھے آغاز کا ذریعہ ________ ہوسکتا ہے۔
الف۔ اچھا کھانا ب۔ اچھا ناشتہ ج۔ چائے د۔ دودھ

(xi) رنگدار کپڑے سفید کپڑوں سے ________ دھوئے جائیں۔
الف۔ الگ ب۔ اکٹھے ج۔ بعد میں د۔ دوپہر میں

(xii) گھر پر رہنے والی خواتین کا لباس ________ ہونا چاہیے۔
الف۔ سادہ اور ڈھیلا ڈھالا ب۔ تنگ ج۔ ڈیزائن والا د۔ شوخ رنگ کا

(xiii) لباس پہننے والوں کے ________ کا آئینہ دار ہوتا ہے۔
الف۔ خیالات واقدار ب۔ مزاج ج۔ طبیعت د۔ شخصیت

(xiv) جسم کو حرارت ________ سے ملتی ہے۔
الف۔ پروٹین ب۔ کاربوہائیڈریٹ ج۔ آگ د۔ پانی

(xv) کلف میں ________ کا احتمال ہوتا ہے۔
الف۔ رنگ اترنے ب۔ پھپھوندی اور کیڑا لگنے ج۔ پھٹنے د۔ داغ لگنے

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____

StudentBounty.com

84

مبادیات ہوم اکنامکس ایس ایس سی -II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ "دوم" اور "سوم" کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ "دوم" میں سے بارہ (12) اجزاء اور حصہ "سوم" میں سے کوئی سے تین (3) سوال حل کیجیے۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر ۲: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) غذا کون سے اہم کام کرتی ہے؟
(ii) ناشتے میں کیا کیا چیزیں کھائی جاتی ہیں؟
(iii) کپڑے دھوتے وقت کن اصولوں کو مدِ نظر رکھنا ضروری ہے؟
(iv) چکنائی کے کیا فائدے ہیں؟
(v) گھر سے باہر کام کرنے والی عورتوں کا لباس کیسا ہونا چاہیے؟
(vi) مناسب اور موزوں لباس سے کیا مراد ہے؟
(vii) داغ دھبے دور کرنے کا کوئی ایک طریقہ تحریر کریں۔
(viii) مذہبی اقدار کے مطابق لباس کے انتخاب سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟
(ix) کاربوہائیڈریٹ ہمیں کن ذرائع سے حاصل ہوتے ہیں؟
(x) لباس کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(xi) غذا کو کن تین گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
(xii) گرم اور اونی کپڑوں کی دھلائی کا کیا طریقہ ہے؟
(xiii) اپنے بھائی کی شادی پر آپ کون سا لباس پہنیں گی؟
(xiv) اسلام میں کس چیز کو اوّلین حیثیت حاصل ہے؟
(xv) ڈرائی کلین سے کیا مراد ہے؟
(xvi) نوجوان لوگوں کی غذائی ضروریات کیا ہیں؟
(xvii) جسم میں پانی کی کمی کے اثرات لکھیے۔
(xviii) معدنی نمکیات کے کیا فوائد ہیں؟

حصہ سوم (کُل نمبر 24)

(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔) (3x8=24)

سوال نمبر ۳: ایک دن کے طعام کے مختلف اوقات میں غذا کا انتخاب کیسا ہونا چاہیے؟

سوال نمبر ۴: عمر کے مطابق لباس کے انتخاب سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال نمبر ۵: غذا کی تیاری کے اصول لکھیے۔

سوال نمبر ۶: کپڑوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کیوں ضروری ہے؟ موسم گرما اور موسم سرما کے کپڑوں کی حفاظت کیسے کی جاتی ہے؟